تحفۃ المعتمرین

تالیف: مولانا محمد شعیب فاروقی۔ صفحات: 125۔ قیمت: لکھی نہیں۔ ملنے کا پتا: مکتبۃ الحسنین، بغدادہ مردان۔ فون نمبر 0334-8927595

یہ کتاب جیسا کہ نام سے ہی ظاہر ہے کہ عمرہ پر جانے والے احباب کے لئے تالیف کی گئی ہے۔ اس میں فضائل ومسائل عمرہ بیان کئے گئے ہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ معتمرین سے سرزد ہونے والی غلطیوں کی بھی نشاندہی کی گئی ہے۔ مثلاً گھر سے نکلتے وقت کی غلطیاں، غیر محرم مردوں عورتوں سے اختلاط، بلا محرم سفر عمرہ، عورتوں کی بے پردگی، تلبیہ کثرت سے نہ پڑھنا، تصویر سازی کی لعنت، احرام کی غلطیاں، خواتین کا مردوں سے مزاحمت کرنا، سعی کی غلطیاں، حلق وقصر کی غلطیاں وغیرہ۔ حج وعمرہ سے متعلق متنوع عنوانات کے تحت کارآمد مسائل بیان کیے گئے ہیں۔ آغاز میں ص شیخ الحدیث مولانا عبدالحلیم مدظلہ (المعروف دیر بابا جی)، حضرت مولانا عبدالقیوم حقانی، مولانا مفتی نجم الرحمٰن، مولانا محمد سجاد الحجابی کی تقاریظ بھی شامل ہیں، جن سے کتاب کے درجہ ثقاہت کا اندازہ کیا جاسکتا ہے۔

شرعی پردہ کرنے والی باہمت خواتین

مرتبہ: مولانا محمد احمد حافظ...... صفحات: ۲۳۲، قیمت: ۱۵۰ روپے، ملنے کا پتہ: اسلامی کتب خانہ علامہ بنوری ٹاؤن کراچی، فون: 021-34927159 / مکتبۃ الخلیج، فون: 0314-2139797

شرعی پردہ...... قرآنی احکام میں ایک اہم ترین حکم ہے۔ شریعت نے مرد وعورت کی عفت، پاک دامنی اور حیاء وشرم کی حفاظت کے لیے جو احکام نازل فرمائے ان میں سے ایک یہ حکم بھی ہے۔ اسلام اس سلسلے میں بہت غیور واقع ہوا ہے۔ افسوس یہ ہے کہ آج اس حکم پر عمل ناپید ہوتا جارہا ہے، مغربی این جی اوز مسلمان عورت کو بے پردہ کرنے کے لیے ایڑی چوٹی کا زور لگارہی ہیں۔ ذرائع ابلاغ اور اخبارات نے اس سلسلے میں اپنی تمام قوتیں صرف کررکھی ہیں ،نتیجہ میں بے شرمی، بے حیائی، فحاشی عام ہورہی ہے۔ ضرورت اس بات کی ہے کہ خواتین کو ان کے اصل مقام سے آگاہی دی جائے۔ زیر تبصرہ کتاب کو اسی نیت سے مرتب کرکے پیش کیا گیا ہے کہ شرعی پردے کی اہمیت کو واضح کیا جائے۔ کتاب میں ایسی خواتین کے ایمان افروز واقعات جمع کیے گئے ہیں جنہوں نے ماحول کی پروا نہ کرتے ہوئے صرف اللہ تعالیٰ کی مرضی کو مدنظر رکھا اور شرعی پردے کا اہتمام کیا، اور دین ودنیا کی بھلائیاں سمیٹیں۔ آغاز کتاب میں شرعی پردے کے فضائل پر مبنی آیات واحادیث دی گئی ہیں۔ اس کے بعد شرعی پردے کے مسائل پر پُرمغز مقالہ ہے، کتاب دینی مدارس کی طالبات اور عام خواتین کے لیے بے حد مفید ہے۔